## ایم کیوایم کی جانب سے اسکاؤٹس کا دستہ جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے حملے اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں شہید ہونے والے فوجی افسران اور جوانوں کو سلامی اور خراج عقیدت پیش کرے گا

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے اسکاؤٹس کا دستہ پنجاب روانہ ہوگیا

## اسکاؤٹس دستہ بہاولپور، لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی میں شہید فوجیوں کی قبروں اور گھروں پر جائے گا

کراچی۔۔۔21، اکتوبر 2009ء

جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے حملے اور ملک میں دیگر علاقوں میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں شہید ہونے والے فوجی افسران اور جوانوں کو سلامی اور خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے اسکاؤٹس کا ایک دستہ بدھ کو پنجاب روانہ کردیا گیا۔اسکاؤٹس کے اس دستہ میں کراچی کے العربیہ اسکاؤٹس، سوہنی دھرتی اسکاؤٹس اور متحدہ اسکاؤٹس گروپ کے اسکاؤٹس شامل ہیں جن کی سربراہی اسکواڈرلیڈران ظفر حسین، طاہر شیخ، محمد سمیع اور فیض محمد کررہے ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری، کہف الوریٰ اور صوبائی وزیر زبیر احمد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے اسکاؤٹس دستہ کو دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔اس موقع پر کراچی اوپن اسکاؤٹس ڈسٹرکٹ کے ڈسٹرکٹ اسکاؤٹ سیکریٹری اختر میر اور اسسٹنٹ اسکاؤٹس کمشنر فرقان یوسفی بھی موجود تھے۔اس موقع پر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے اسکاؤٹس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کو دہشت گردی کا سامنا ہے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز بہادری، جواں مردی اور حوصلے کے ساتھ لڑرہی ہیں اور مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے اسکاؤٹس کے تازہ دم دستوں کی روانگی ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔اسکاؤٹس کا یہ دستہ لاہور، بہاولپور، فیصل آباد، راولپنڈی اور دیگر علاقوں میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے افسران اور جوانوں کی قبروں پر جاکر انہیں سلامی پیش کرے گا، شہیدوں کیلئے فاتحہ خوانی کرے گا۔اس کے علاوہ وہ مسلح افواج کے شہید افسران اور جوانوں کے گھروں پر جاکر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کریں گے۔

## کراچی کے شہری خصوصاً امن پسند پختون بھائی اپنے علاقوں میں پناہ لینے والے طالبان دہشت گردوں پر نظر رکھیں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

## جولوگ کل تک کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق کوواویلا قرار دیتے رہے اب وہ خود کراچی میں طالبان کی آمد کا اعتراف کررہے ہیں

## سہراب گوٹھ سے طالبان کے خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ کراچی میں قبائلی علاقوں سے آنے والے طالبان دہشت گردوں کے ٹھکانے موجود ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔21 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے شہریوں خصوصاً امن پسند پختون بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں پناہیں لینے والے طالبان دہشت گردوں پر نظر رکھیں اور ان کے بارے میں فوری طور پر پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں اور ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے پولیس وانتظامیہ اور سیکوریٹی فورسز سے بھرپور تعاون کریں۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے قوم کو طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کرتے رہے ہیں اور یہ بھی مسلسل بتاتے رہے کہ کراچی میں بڑی تعداد میں طالبان آرہے ہیں جنہیں بعض عناصر واویلا قرار دیتے رہے لیکن سہراب گوٹھ اور کراچی کے دیگر علاقوں سے طالبان کے خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ کراچی میں قبائلی علاقوں سے آنے والے طالبان دہشت گردوں کے ٹھکانے موجود ہیں اور ان واقعات نے قائد تحریک الطاف حسین کی سچائی کو ایک بار پھر ثابت کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ امر بھی دلچسپ ہے کہ جولوگ کل تک کراچی میں طالبان کی آمد اور شہر میں طالبانائزیشن کے حقائق کو واویلا قرار دیتے رہے اب وہ خود کراچی میں طالبان کی آمد کا اعتراف کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں رہنے والے پختونوں کی اکثریت محنت کش اور امن پسند ہے لیکن قبائلی علاقوں سے آنے والے طالبان دہشت گرد کراچی کی پختون آبادیوں میں اپنی آماجگاہیں بناتے ہیں اور ان دہشت گردوں کی وجہ سے کراچی کے امن پسند پختون بھائی بھی متاثر ہورہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کراچی کے شہریوں خصوصاً امن پسند پختون بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں پناہیں لینے والے طالبان دہشت گردوں کے بارے میں فوری طور پر پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں اور ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے پولیس وانتظامیہ اور سیکوریٹی فورسز سے بھرپور تعاون کریں۔

## کراچی میں طالبان کے خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری سے الطاف حسین کا مئوقف ایک مرتبہ پھر سچ ثابت ہوگیا، ارکان قومی اسمبلی

## طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے ٹھوس شواہد سامنے آنے کے باوجود نام نہاد مذہبی جماعتوں کی جانب سے طالبان دہشت گردوں کی حمایت کھلی ملک دشمنی ہے

کراچی۔۔۔21/اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ اور گلشن اقبال سے طالبان کے 3 خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری اور ان کے قبضے سے خودکش جیکٹس اور اسلحہ اور گولہ بارود برآمدگی نے ایک مرتبہ پھر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے مئوقف کو سچ ثابت کردیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں حساس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کئی طالبان دہشت گردوں کو نہ صرف گرفتار کیا ہے بلکہ ان کے ناپاک عزائم بھی ناکام بنادیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان ٹھوس شواہد کے باوجود بعض نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے طالبان دہشت گردوں کی حمایت میں اب بھی بولنا نہ صرف سراسر ملک دشمنی ہے بلکہ طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کیلئے دہشت گردوں کو کھلی مدد و تعاون فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب مسلح افواج بہادری، جواں مردی، ہمت اور شجاعت کی زندہ مثال بن کر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے سرگرم ہے جبکہ دوسری جانب بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے طالبانائزیشن کی سازش اور طالبان دہشت گردوں کو معصوم ثابت کرنے کے بیانات ملک میں نئی محاذ آرائی کو جنم دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں کے ساتھ ساتھ انہیں پاکستان میں مدد و تعاون فراہم کرنے والی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے خلاف بھی بلاتفریق کارروائی کی جائے اور دہشت گردی کے خاتمے، عوام کی جان و مال اور ملک کی سلامتی کے تحفظ کیلئے کسی بھی قسم کی رعایت سے کام نہیں لیا جائے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو سہراب گوٹھ اور گلشن اقبال سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری اور ان سے بھاری اسلحہ برآمد کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## حلقہ GBLA-3 سے نامزد حق پرست امیدوار ہادی حسین نے جلال آباد میں الیکشن آفس کا افتتاح کیا، بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی

## گلگت بلتستان کے حسن کو ایم کیو ایم مزید نکھارے گی، حق پرست امیدوار ہادی حسین

جلال آباد۔۔۔21،اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حلقہ GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار ہادی حسین نے انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں جلال آباد میں الیکشن آفس کا افتتاح کیا اور اپنی سربراہی میں بڑی انتخابی ریلی نکالی۔ انتخابی ریلی جلال آباد اور دینور کے مختلف علاقوں میں گھومنے کے بعد واپس جلال آباد الیکشن آفس پر آکر اختتام پذیر ہوئی۔ الیکشن آفس کے افتتاح اور انتخابی ریلی میں جلال آباد اور دینور کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا کر اپنے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ الیکشن آفس کے افتتاح اور انتخابی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار ہادی حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جدوجہد ملک کے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک غریب اور متوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ادھورا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ سیاست میں حق و سچ پر مبنی اصولی مئوقف پیش کئے ہیں لیکن ایم کیو ایم مخالف عناصر جو جاگیرداروں اور وڈیرون کے پے رول پر کام کررہے ہیں وہ حق پرستی کی جدوجہد سے خائف ہیں اور ایم کیو ایم کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے فروغ کو اپنے لئے خطرہ سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے حسن کو ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواران مزید نکھاریں گے اور یہاں سیاحت سمیت آمدنی کے ذرائع پیدا کریں گے تاکہ گلگت بلتستان کے عوام خود کفیل اور خوشحالی زندگی بسر کرسکیں۔ ہادی حسین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواران کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور پتنگ کے نشان پر مہر لگا کر اپنے اعتماد کا بھرپور اظہار کریں۔

## پی آئی اے میں زائدالمعیادادویات کی فراہمی ملازمین کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے،لیبرڈویژن انچارج وسیم قریشی

کراچی۔۔۔21،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اوراراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے پاکستان ایئر لائن (پی آئی اے) میڈیکل ونگ میں زائدالمعیادادویات کی فراہمی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قومی ایئر لائن میں زائدالمعیادادویات کی فراہمی لمحہ فکریہ ہے اور یہ عمل ملازمین اوران کے اہل خانہ کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کے ایک ملازم کو ادویات دی گئیں اوراوراس کے چیک کرنے پراسے معلوم ہوا کہ اس کی معیادختم ہوچکی ہے۔ انچارج لیبرڈویژن وسیم قریشی نے ایم ڈی پی آئی اے کیپٹن (ر) اعجاز ہارون سے مطالبہ کیا کہ پی آئی اے میڈیکل ونگ کے غیر ذمہ دارافسران کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لائی جائے اورزائدالمعیادادویات کی فراہمی کا نوٹس لیکرملازمین کی زندگیوں سے کھیلنے کا عمل فی الفور بندکرایا جائے۔

## طالبان دہشت گردوں کی تعلیمی اداروں کودھمکیاں قابل مذمت ہے،چیئرمین ومرکزی کابینہ اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔21/اکتوبر2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین اوراراکین مرکزی کابینہ نے طالبان کی جانب سے ملک بھرمیں تعلیمی اداروں کے مالکان،اساتذہ کرام اورانتظامیہ کو ملنے والی دھمکیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ دہشت گرد طالبان دہشتگردی کے ذریعے تعلیمی اداروں میں معصوم طلبہ وطالبات کواپنی بزدلانہ کاروائیوں کا نشانہ بنانے کا سلسلہ بندکریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ملک کے تعلیمی اداروں میں قائم امن وامان کونقصان پہنچاکرتعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو متاثر کرنے پر تلے ہوئے ہیں یہی وجہ کہ حکومت کوملک بھرکے تمام تعلیمی اداروں میں جاری تدریسی عمل کومعطل کرکے تعلیمی اداروں کو بندکرنے کا فیصلہ کرنا پڑا ہے جوکہ شدید تشویش کی بات ہے۔اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی،صدرپاکستان آصف علی زرداری اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ وہ ملک بھرکے تعلیمی اداروں میں امن وامان کی صورتحال کویقینی بنانے کیساتھ ساتھ ملک بھرکے طلباء وطالبات اورتمام اساتذہ کرام کی عزت اور جانوں کے تحفظ کویقینی بنایا جائے اورتعلیمی اداروں کوفی الفورکھولا جائے تاکہ تدریسی عمل جاری رہ سکے۔

## گلگت بلتستان کی تقدیر سنوارنے اور یہاں آنے والی خوشحالی کوکوئی طاقت نہیں روک سکتی،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی
## جمشیدٹاؤن سیکٹرمیں گلگتی اوربلتی کارکنان اورہمدردوں کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔21/اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریے کے مطابق غریب ومتوسط طبقے کے باشعوراور پڑھے لکھے حق پرست امیدواران کوہی انتخابات میں نامزدکیا گیا ہے اوراب گلگت بلتستان کی تقدیرکوسنورنے اور یہاں آنے والی خوشحالی کوکوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ان خیالات کا اظہارایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین اشرف اورکزئی،فضیل اسلم رانااورزرین الرحمان نے 12 نومبرکوگلگت بلتستان کی قانون سازاسمبلی کے ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں جمشیدٹاؤن سیکٹرمیں گلگتی اوربلتی کارکنان اورہمدردوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کا حصہ اب گلگت اوبلتستان کے عوام بھی بن چکے ہیں اورانشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب ملک بھرسے فرسودہ نظام کا خاتمہ ہوگا اورغریب ومظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے پرامن عوام متحدہ قومی موومنٹ کی پرامن جدوجہد سے بے حدمتاثر ہیں اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریے کی سچائی کے قائل ہوچکے ہیں۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبرکوگلگت بلتستان کی قانون سازاسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں گلگت بلتستان میں رہائش پذیراپنے رشتہ داروں،اہل محلّہ کوحق پرستانہ مشن،مقصداورنظریے سے آگاہ کریں اور پتنگ کے نشان پرمہرلگائیں انشاءاللہ 12 نومبرکوگلگت بلتستان کی فضاؤں میں حق پرستی کے نعرے گونج رہے ہوں گے۔

## ایم کیوایم سوسائٹی کے کارکن اور سرجانی سیکٹر تیسر ٹاؤن یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔ 21/اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن طارق مسعود شیروانی کی والدہ محترمہ شاہجاں بیگم اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ تیسر ٹاؤن کی یونٹ کمیٹی کے رکن مرتضی کے والد غلام یاسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆